## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین 19 فروری کو باغ جناح میں خواتین کے تاریخی جلسہ عام ’’با اختیار عورت، مضبوط پاکستان‘‘ سے سہ پہر 3 بجے لندن سے فکر انگیز ٹیلی فونک خطاب کریں گے

## جلسہ عام کے حوالے سے خواتین کا قابل دید جوش وخروش، تیاریاں عروج پر پہنچ گئی، شہر بھر کو دلہن کی طرح سجایا گیا ہے

## سجاوٹ کے باعث جلسہ گاہ اور اطراف کا علاقہ بقعہ نور بنا ہوا ہے ہر جانب ایم کیوایم کے پرچموں کی بہار

## استقبالیہ کیمپوں سے آج بھی خواتین کی ریلیاں نکالی گئیں، شہر بھر کی خواتین کی جانب سے خصوصی دلچسپی اور اپنائیت کا اظہار

## ’’با اختیار عورت، مضبوط پاکستان‘‘ جلسہ عام انشاء اللہ خواتین کی تعداد کے لحاظ سے منفرد حیثیت اختیار کر جائے گا، خواتین کے تاثرات

کراچی:۔۔۔18، فروری 2012ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین 19 فروری اتوار کو مزار قائد سے متصل باغ جناح میں ایم کیوایم کے تحت ہونے والے خواتین کے تاریخی جلسہ عام ’’با اختیار عورت، مضبوط پاکستان‘‘ سہ پہر 3 بجے لندن سے فکر انگیز ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ جلسہ عام کے حوالے سے خواتین کا جوش وخروش قابل دید ہے اور جلسہ عام کی تیاریاں عروج پر پہنچ چکی ہیں ، شہر بھر کو دلہن کی طرح سجایا گیا ہے اور جلسہ عام کے حوالے سے شہر میں زبردست گہما گہمی دکھائی دے رہی ہے۔ جلسہ عام کے سلسلے میں پنڈال میں اسٹیج کو حتمی شکل دیدی گئی ہے اور جلسہ گاہ اور اطراف کے علاقوں کو ایم کیوایم کے پرچموں، قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر، خیر مقدمی بینروں کے علاوہ برقی قمقموں سے سجادیا گیا ہے جس کے باعث تمام علاقہ بقعہ نور بنا ہوا ہے اور ہر جانب ایم کیوایم کے پرچموں کی بہار دکھائی دے رہی ہے۔ جلسہ عام کے سلسلے میں شہر بھر میں قائم کئے گئے استقبالیہ کیمپوں پر ایم کیوایم کے تنظیمی ترانے اور نغموں کی ریکارڈ بجائی جاتی رہی جبکہ استقبالیہ کیمپوں پر علاقائی سطح پر خواتین کی جانب سے بڑی تعداد میں رابطہ کیا گیا ہے اور جلسہ عام کا خیر مقدم کرتے ہوئے اس میں بھرپور شرکت کی یقین دہائی کرائی گئی ہے۔ استقبالیہ کیمپوں پر خواتین کارکنان گزشتہ 4 روز سے سلائی مشینوں کے ذریعے ایم کیوایم اور قومی پرچم سمیت دوپٹوں کی سلائی میں مصروف ہیں جبکہ ان کیمپوں سے خواتین میں ایم کیوایم کے پرچم، دوپٹے اور مہندیاں بھی بہت بڑی تعداد میں تقسیم کی گئیں ہیں۔ آج بھی جلسہ عام کے سلسلے میں استقبالیہ کیمپوں سے خواتین کی ریلیاں نکالے جانے کا سلسلہ جاری رہا۔ ریلیوں میں خواتین کاروں، بسوں، ٹرکوں، سوزوکیوں اور دیگر گاڑیوں پر سوار تھیں اور انہوں نے اپنے ہاتھوں میں ایم کیوایم کے پرچم اٹھا رکھے تھے اور وہ پرجوش انداز میں نعرہ الطاف جئے الطاف، نعرہ متحدہ جئے متحدہ، ہم نہ ہوں ہمارے بعد الطاف الطاف اور دیگر فلک شگاف نعرے لگا رہی تھیں۔ ایم کیوایم کے تحت ہونے والے جلسہ عام میں شہر بھر کی خواتین کی جانب سے خصوصی دلچسپی لی جارہی ہے اور اپنائیت کا مظاہرہ کیا جارہا ہے۔ ریلیوں میں شریک خواتین کا کہنا تھا کہ مظلوم قومیتوں کی طاقت بھی جناب الطاف حسین ہیں اور مظلوم خواتین کو سہارا اور تحفظ بھی جناب الطاف حسین نے فراہم کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم نے جلسہ عام میں شرکت کیلئے تمام گھریلو امور آج ہی نمٹا لئے ہیں اور کل ہمارے پاس صرف جلسہ عام میں شرکت کرنے کا کام ہی باقی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ’’با اختیار عورت، مضبوط پاکستان‘‘ جلسہ عام انشاء اللہ خواتین کی تعداد کے لحاظ سے منفرد حیثیت اختیار کر جائے گا اور اس دن ثابت ہوجائے گا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی عملی کاوشوں کے باعث ملک بھر کی خواتین میں سیاسی شعور اور پختگی پیدا ہوگئی ہے اور اب خواتین غریب ومتوسط طبقے کے انقلاب کیلئے ہراول دستے کا کردار ادا کرنے کیلئے تیار ہیں۔

## قائد تحریک الطاف حسین نے خواتین کے مسائل اور ان کے حل کیلئے نہ صرف صدائے احتجاج بلند کیا بلکہ بھرپور جدوجہد بھی کی، خوش بخت شجاعت

## بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کی بدولت ہی آج خواتین میں سیاسی پختگی اور شعور اجاگر ہوا ہے، ہیر سوہو

## پاکستان میں رائج فرسودہ نظام کے پروردہ عناصر نے خواتین کے حقوق غضب کر رکھے ہیں، نادیہ گبول

کراچی:۔۔۔18 فروری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام 19 فروری بروز اتوار باغ جناح کراچی میں منعقد ہونے والے خواتین کے جلسہ عام ’’با اختیار عورت۔۔۔ مضبوط پاکستان‘‘ کے سلسلے میں کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیر اہتمام سچل سیکٹر، بلاول شاہ نورانی گوٹھ اور بن قاسم سیکٹر گلشن حدید شہباز پارک میں خواتین کی کارنر میٹنگوں کا انعقاد کیا گیا جس میں سندھ، بلوچ ، پختون اور سرائیکی کمیونٹی سے تعلق رکھنے والی ہزاروں خواتین نے شرکت کی۔ خواتین کے اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کی سینٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی کی رکن وحق پرست رکن قومی اسمبلی خوش بخت شجاعت نے کہا کہ پاکستان کے موجودہ استحصال زدہ معاشرے میں قائد تحریک جناب الطاف حسین نے خواتین کے حقوق کیلئے جو آواز بلند کرائی وہ اپنی

مثال آپ ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں رائج سرمایہ دارانہ، جاگیردارانہ نظام کے پروردہ جاگیرداراوروڈیروں نے عورت کودور جہالت کے طرز پر اپنی باندی بنا کرر کھا ہوا ہےاس کے بنیادی حقوق سلب کرر کھے ہیں سراسرانسانی حقوق کے خلاف ہے ۔اس موقع پر سینٹرل ایگزیکٹو کے رکن اورحق پرست رکن صوبائی اسمبلی ہیر سوہو،صوبائی وزیرنادیہ گبول اورحق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ بلقیس مختار نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین بھائی کی تعلیمات کی بدولت ہی آج خواتین میں سیاسی پختگی اورشعوراجاگر ہوا ہےاورالطاف حسین آج کی عورت کو بااختیار دیکھنا چاہتے ہیں جومردوں کے شانہ بشانہ تمام شعبہ ہائے زندگی میں آگے آگے ہوں ۔انہوں نے کہا کہ ترقی یافتہ مما لک میں عورت معاشرے کا ایک اہم حصہ ہےلیکن پاکستان میں ایسانہیں ہےاورقائدتحریک الطاف حسین نے خواتین کے مسائل اوران کے حل کیلئے نہ صرف صدائے احتجاج بلندکیا بلکہ بھرپور جدوجہدبھی کی ۔انہوں نے مزید کہا کہ آج کی عورت کو بااختیار بنانے کیلئے 19 فروری کو باغ جناح مزارقائد پر ہونے والے خواتین کے جلسہ ''بااختیارعورت ۔۔۔مضبوط پاکستان'' پاکستان بھرکی مظلوم خواتین کے جائزحقوق کی ضمانت ہونے کے ساتھ ساتھ پاکستان پر قابض 2%استحصالی ٹولہ پرضرب کاری ثابت ہوگا جو یہ سمجھتا ہے کہ وہ اس ترقی یافتہ دور میں عورت کواپنے پیروں تلے دبا کرر کھ سکتا ہے۔انہوں نے خواتین سے اپیل کی کہ وہ 19 فروری کو باغ جناح مزارقائد پرمنعقد ہونے والے جلسے میں بھر پورشرکت کرکہ جلسے کو پاکستان کا تاریخی جلسہ بنادیں۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین کے تحت جلسہ عام کے سلسلے میں جمعہ کی شب جلسہ گاہ میں ورائٹی پروگرام کا انعقاد

## ملک کے مشہورومعروف فنکاروں نے ایم کیوایم کے تنظیمی ترانوں اور پاکستان کے ملی نغموں سمیت دیگر گیتوں پر اپنے فن کا بہترین مظاہرہ پیش کیا

کراچی:۔۔۔18،فروری2012ء

ایم کیوایم کے زیراہتمام 19 فروری 2012ءکومزارقائد سے متصل باغ جناح میں ہونے والے خواتین کے جلسہ عام کے سلسلے میں جمعہ کی شب جلسہ گاہ میں ورائٹی پروگرام منعقد ہوا جس میں خواتین، ماؤں، بہنوں بچوں اوربچیوں نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ورائٹی پروگرام میں ملک کے نامور فنکار،شبیرضیاء،،ہما،اسماء،خالدخان،نفیس خان،منور فراز،امبرانصاری،اکبرتیموری ودیگر نے ایم کیوایم کے تنظیمی ترانوں اور پاکستان کے ملی نغموں سمیت دیگر گیتوں پر اپنے فن کا بہترین مظاہرہ کرتے ہوئے شرکاءکولطف اندوز کیا ۔پروورائٹی پروگرام کے شرکاءنے فنکاروں کا تالیوں اورنعروں کے ذریعے بھرپورساتھ دیا ۔اس موقع پرشرکاء میں انتہائی جوش وخروش دیکھنے میں آیا جبکہ شرکاء نے پروگرام کے دوران وقفے وقفے سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اورایم کیوایم کے حق میں نعرے بھی لگائے اورمختلف گیتوں پرروایتی انداز میں رقص بھی کیا۔اس موقع پرورائٹی پروگرامز کے دوران بچوں بچیوں کے لیے ممتاز لطیف کھوسہ نے میجک شوپیش کیا گیا، جسے دیکھ کر بچے، بچیاں اورشرکاءمحضوظ ہوئے اورلطیف کھوسہ کوزبردست دادپیش کی۔ بعدازاں ورائٹی پروگرام کے اختتام پرآتش بازی کا خوبصورت مظاہرہ پیش کیا گیا۔

## جلسہ عام کے سلسلے میں نکالی جانیوالی ریلیوں کے وقت ایسے راستوں کا انتخاب کیا جائے جہاں سے عام ٹریفک کی آمدورفت میں خلل ودشواری نہ ہو،ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج کشورزہرہ

## 19 فروری کا جلسہ عام "بااختیارعورت،مضبوط پاکستان" نظم وضبط کے اعتبار سے ہمیشہ کی طرح ایک روشن قابل تقلید مثال ثابت ہوگا

کراچی:۔۔۔۔18فروری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے باغ قائد میں جلسہ عام کے سلسلے میں شہر بھر سے نکلنے والی ریلیوں میں شریک خواتین کارکنان کیلئے ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج کشورزہرہ نے خواتین کارکنان کوہدایت دی ہے کہ جلسہ عام کے سلسلے میں نکالی جانیوالی ریلیوں کے وقت ایسے راستوں کا انتخاب کیا جائے جہاں سے عام ٹریفک کی آمدورفت میں خلل ودشواری نہ ہوتا کہ عوام کومشکلات اور پریشانیوں سے دوچارنہ ہونا پڑے،مساجدودیگرعبادت گاہوں،اسپتالوں کے قریبی راستوں سے ریلیاں گزارنے میں حتی الامکان اجتناب برتا جائے اور خصوصاًایمبولنس سروسزکوفوری طور پرراستہ دے دیا جائے تا کہ مریضوں کے اسپتال پہچانے میں قیمتی وقت ضائع ہونے سے بچایا جاسکے۔اعلامیے میں کہا ہے کہ کارکنان اورعوام الناس ریلیوں کے دوران عوام کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے نعروں کی آوازوں کودھیمارکھیں۔انچارج شعبہ خواتین نے مزید کہا کہ 19 فروری کا جلسہ عام "بااختیارعورت،مضبوط پاکستان" نظم وضبط کے اعتبار سے ہمیشہ کی طرح ایک روشن قابل تقلید مثال ثابت ہوگا۔

## خواتین بااختیار ہونگی تو اس کے نتیجے میں پاکستان مضبوط ہوگا، محترمہ منگلا شرما
## جناب الطاف حسین نے ہمیشہ خواتین کے حقوق کے حصول کیلئے آواز بلند کی، رشید خان
## متحدہ قومی موومنٹ شعبہ اقلیتی امور کمیٹی کے زیراہتمام لانڈھی ٹاؤن میں خواتین کی کارنر میٹنگ سے دیگر مقررین کا اظہارِ خیال

کراچی ـــــ18 فروری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ اقلیتی امور کمیٹی کے زیراہتمام گزشتہ روز خواتین کے جلسہ عام ''بااختیار عورت ۔۔مضبوط پاکستان'' کے سلسلے میں لانڈھی ٹاؤن میں خواتین کی ایک کارنر میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے ممبر وحق پرست رکن سندھ اسمبلی رشید خان، شعبہ اقلیتی امور کے کمیٹی ممبران منور جان، عارف بھٹی اور محترمہ منگلا شرما نے اظہارِ خیال کیا۔کارنر میٹنگ کے اجتماع سے اظہار خیال کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ ایم کیوایم تمام قومیتوں اور مذاہب سے تعلق رکھنے والوں کی جماعت ہے اور جو بلاتفریق عوام کی مدد کررہی ہے ۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ خواتین کے حقوق کے حصول کیلئے آواز بلند کی اور معاشرے میں خواتین کے ساتھ ہونیوالی ناانصافی کے خاتمے کیلئے اپنا فعال کردار ادا کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر خواتین بااختیار ہونگی تو اس کے نتیجے میں پاکستان مضبوط ہوگا۔اس موقع پر انہوں نے کارنر میٹنگ میں شریک تمام خواتین سے پرزور اپیل کی کہ وہ 19 فروری 2012ء بروز اتوار کو جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کر کے حق پرستی کے سفر میں اپنے کردار کو ثابت کریں۔

## ایم کیوایم کے تحت کل ہونے والا خواتین کا جلسہ عام ملکی و بین الاقوامی سطح پر موضوع بحث بنا ہوا ہے
## ہر کوئی جلسہ عام کی کامیابی کے حوالے سے پُر امید اور پُرمسرت دکھائی دے رہا ہے
## نجی و سرکاری دفاتر، تعلیمی اداروں، گلی محلوں، ہوٹلوں، دکانوں اور بس اسٹاپس پر لوگوں کی گفتگو کا مرکز بن گیا
## خواتین کے جلسہ عام نے منفرد حیثیت اختیار کرلی ہے، جلسہ عام کی مقبولیت خواتین کے چہروں سے عیاں ہے
## شہر کراچی میں خواتین کی سرگرمیاں گھر اور جلسہ گاہ تک محدود ہوکر رہ گئیں ہیں

کراچی ـــ18، فروری2012ء

ایم کیوایم کے زیراہتمام 19 فروری اتوار کو ہونے والا خواتین کا جلسہ عام ''بااختیار عورت، مضبوط پاکستان'' ملکی و بین الاقوامی سطح پر موضوع بحث بنا ہوا ہے اور اس کی کامیابی کے حوالے سے ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد پُرامید اور پُرمسرت دکھائی دے رہے ہیں ۔تفصیلات کے مطابق خواتین کا جلسہ عام ہر نجی و سرکاری دفاتر، تعلیمی اداروں، گلی محلوں، ہوٹلوں، دکانوں اور بس اسٹاپس پر لوگوں کی گفتگو کا مرکز بن گیا ہے جبکہ مزار قائد سے متصل باغ جناح میں ایم کیوایم کے خواتین کے جلسہ عام کی تیاریاں اور اس سلسلے میں شہر بھر میں کی گئی سجاوٹ اور خواتین میں پائے جانیوالے جوش وخروش نے ملکی سیاست میں تلاطم مچادیا ہے۔تجزیہ نگاروں کا کہنا ہے کہ ایم کیوایم کے تحت ہونے والا ہر جلسہ عام اپنی نوعیت کا میاب ترین جلسہ ہوتا ہے اس سے قبل بھی ایم کیوایم ٹی گراؤنڈ اور نشتر پارک میں خواتین کے عظیم الشان جلسہ عام منعقد کرچکی ہے لیکن کل ہونے والے جلسہ عام نے منفرد حیثیت اختیار کرلی ہے اور اس کی مقبولیت خواتین کے چہروں پر عیاں ہے ۔جلسہ عام سے دو دن قبل ہی خواتین کی ریلیوں کی شکل میں جلسہ گاہ آمد اور جوش وخروش نے جلسہ عام کی کامیابی کی نوید دیدی ہے اور جلسہ عام کی کامیابی کا دن تاریخ میں سنہری حروف میں لکھا جائے گا اور اس دن کو خواتین کے حقوق کے حوالے سے عالمی سطح پر بھی نظرانداز نہیں کیا جاسکتا ہے ۔شہر کراچی میں خواتین کی سرگرمیاں گھر اور جلسہ گاہ تک محدود ہوکر رہ گئیں ہیں جس کے باعث امید نہیں بلکہ یقین ظاہر کیا جارہا ہے کہ جلسہ عام میں خواتین لاکھوں کی تعداد میں شرکت کریں گی اور یہ جلسہ عام دنیا کی تاریخ میں خواتین کا سب سے بڑا جلسہ عام ثابت ہوگا۔

## ایم کیوایم نے باغ جناح میں ہونے والے خواتین کے جلسہ عام کیلئے بس روٹس اور پارکنگ کا اعلان کردیا

کراچی۔۔۔18،فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ نے 19فروری اتوار کو باغ جناح میں ہونے والے خواتین کے عظیم الشان جلسہ عام ''بااختیار عورت ، مضبوط پاکستان'' میں شرکت کیلئے مختلف علاقوں سے آنے والی گاڑیوں کے روٹس اور پارکنگ کا اعلان کردیا ہے۔تفصیلات کے مطابق

نمبر1: رنچھوڑ لائن ، برنس روڈ لیاری اور ڈیفنس سے جلسہ عام میں شرکت کیلئے آنے والی گاڑیاں ایم اے جناح روڈ سے جلسہ گاہ پہنچیں گی اور نمائش چورنگی پر گاڑیاں پارک کی جائیں گی۔

-2 لانڈھی، کورنگی، ملیر، شاہ فیصل لائینز ایریا، سوسائٹی اور محمود آباد سے آنے والی گاڑیاں براستہ شاہراہ قائدین جلسہ گاہ آئیں گی اور یہاں سے آنے والی گاڑیاں انڈر پاس مزار قائد کے پاس واقع پارک میں کھڑی کی جائیں گی۔

-3 گلستان جوہر، اسکیم 33، گلشن اقبال اور پی آئی بی سے جلسہ گاہ آنے والی گاڑیاں براستہ پیپلز چورنگی آئیں گی اور یہاں سے آنے والی گاڑیاں نوائے وقت موڑ پر واقع روڈ پر پارک کی جائیں گی۔

-4 پاک کالونی، بلدیہ، اورنگی ٹاؤن، قصبہ علی گڑھ، ناظم آباگلبہار، نارتھ ناظم آباد سے آنے والی گاڑیاں ناظم آباد چورنگی سے ہوتی ہوئی گرمندر آئیں گی اور اس راستے سے آنے والی گاڑیوں کی پارکنگ نمائش چورنگی پر ہی مین روڈ رکھی گئی ہے۔

-5 نیو کراچی، نارتھ کراچی اور سرجانی سے آنے والی گاڑیاں عائشہ منزل سے براستہ جہانگیر روڈ گرومندر چورنگی پہنچیں گی اور ان گاڑیوں کی پارکنگ کا انتظام گرومندر چورنگی پر ہی کیا گیا ہے۔

-6 لیاقت آباد اور فیڈرل بی ایریا سے آنے والی تمام گاڑیاں جہانگیر روڈ سے گرومندر نمائش پہنچیں گی یہاں گاڑیوں کی پارکنگ کا انتظام نمائش کے قریب ہی واقع مین روڈ پر کیا گیا ہے۔

دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بسوں، ٹرکوں اور دیگر گاڑیوں کے ڈرائیور حضرات سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنی گاڑیوں میں ہی بیٹھے رہیں اور ٹریفک کنٹرول کرنے والے پولیس اہلکاروں اور ایم کیوایم کے کارکنوں سے بھرپور تعاون کریں۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین اور ایم کیوایم ڈیفنس کلفٹن ریزیڈنس کمیٹی اور کونسل آف پروفیشنل کے تحت ریلیوں کا انعقاد
## ریلیوں میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین ممتاز انوار، مصطفیٰ کمال، ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج کشور زہرہ اور اراکین اسمبلی کی شرکت
## شرکاء ریلی کے ایم کیوایم اور الطاف حسین کے حق میں پرجوش نعرے

کراچی:۔۔۔18،فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام 19فروری 2012ء کو مزار قائد سے متصل باغ جناح میں ہونے والے خواتین کے جلسہ عام کے سلسلے میں جمعہ کی شب ایم کیوایم کی شعبہ خواتین کے تحت چنگچی رکشوں، کاروں اور دیگر گاڑیوں پر مشتمل ایک بڑی ریلی نکالی گئی۔ ریلی کا آغاز دو تلوار کلفٹن سے ہوا جو شہر کے مختلف علاقوں سے گشت کرتی ہوئی مزار قائد سے متصل باغ جناح پر اختتام پذیر ہوئی۔ جبکہ ایم کیوایم ڈیفنس کلفٹن ریزیڈنس کمیٹی اور کونسل آف پروفیشنل کے تحت ہفتے کے روز کاروں، جیپوں، ٹرکوں اور موٹر سائیکلوں پر ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی کا آغاز کلفٹن دو تلوار سے ہوا جو بوٹ بیسن، پاک ٹاور، خیبر توحید، خیابان شہباز، زمزما شاپنگ سینٹر سے گزرتی ہوئی گلف شاپنگ سینٹر نزد تین تلوار پر اختتام پذیر ہوئی۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین آنسہ ممتاز انوار، مصطفیٰ کمال، شعبہ خواتین کی انچارج کشور زہرہ ن اور اراکین ایم کیوایم ڈیفنس کلفٹن ریزیڈنس کمیٹی کے انچارج، عارف شفیق و اراکین کمیٹی، کونسل آف پروفیشنل کے انچارج علی راشد و اراکین کمیٹی نے شرکت کی۔ ریلی میں یم کیوایم شعبہ خواتین کی علاقائی سیکٹر و یونٹوں کی ذمہ داران و کارکنان، خواتین ، ماؤں، بہنوں، بچوں اور بچیوں نے بہت بڑی تعداد میں موجود تھیں۔ ریلی کے شرکاء نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی دیدہ زیب تصاویر ایم کیوایم اور پاکستان کے پرچم اپنے ہاتھوں میں اُٹھار کھے تھے ریلی شرکاء نے جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے حق میں زبردست نعرہ لگائے جس سے مزار قائد کی فضاء نعروں سے گونج اٹھی۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس احمد قائم خانی کا اراکین رابطہ کمیٹی کے ہمراہ جلسہ گاہ کا دورہ جلسہ عام کے سلسلے میں جاری تیاریوں کا جائزہ لیا رات دن جلسہ کی تیاریوں میں مصروف کارکنان کو جناب الطاف حسین کی جانب سے خراج تحسین پیش کیا

کراچی۔۔۔۔۔18فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس احمد قائمخانی نے اراکین رابطہ کمیٹی قاسم علی رضا، سیف یار خان اور افتخار اکبر رندھاوا کے ہمراہ ایم کیوایم کے زیر اہتمام ہونیوالے خواتین کے جلسہ عام ''بااختیار عورت۔۔مضبوط پاکستان'' کے سلسلے میں ہفتے کے روز قائداعظم مزار سے متصل جلسہ گاہ باغ جناح کا دورہ کیا اور جلسہ عام کے سلسلے میں جاری تیاریوں کا جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے رات دن جلسہ کی تیاریوں میں مصروف کارکنان سے ملاقاتیں کرکے انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خراج تحسین پیش کیا۔بعدازاں انہوں نے جلسہ عام کیلئے کئے جانیوالے انتظامات پر اطمینان کا اظہار بھی کیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کی جانب سے کراچی میں خواتین کے جلسہ عام (بااختیار عورت۔مضبوط پاکستان) کی تیاریاں زورشور سے جاری

حیدرآباد۔۔۔18فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے باغ جناح کراچی میں خواتین کے ہونے والے جلسہ عام (بااختیار عورت۔مضبوط پاکستان) کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون میں تیاریاں زورشور سے جاری اس سلسلے میں تمام سیکٹرز کی جانب سے شہر کے مختلف چوراہوں پر چراغاں اور کیمپوں کا انعقاد کیا گیا اسکے علاوہ شہر بھر کی مختلف گلیوں،شاہراہوں اور اہم چوراہوں پر ایم کیوایم کے پرچم اور بینرز لگائے گئے جسمیں خواتین کو شرکت کی دعوت دی گئی اور بعض اہم شاہراہوں اور علاقوں،گلیوں کو تنظیمی پرچموں اور برقی قمقموں سے آراستہ کیا گیا۔جبکہ بعض مقامات پر بڑے بڑے پرچم بھی لگائے گئے مختلف سیکٹرز کی جانب سے قائد تحریک الطاف حسین بڑی بڑی تصاویر بھی آویزاں کی گئی جبکہ متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون شعبہ خواتین کے زیر اہتمام مختلف سیکٹرز میں خواتین کے اجلاس کا بھی انعقاد کیا گیا جسمیں شعبہ خواتین کی ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ شہر بھر سے خواتین نے شرکت کی۔

## ایم کیوایم حیدرآباد زون کا اظہارِ تعزیت

حیدرآباد۔۔۔18فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی نے رکن زونل کمیٹی مبین احمد کے ماموں اور سیکٹر ایچ یونٹ 4/A کے کارکن فرید گدی کے جواں سالہ بیٹے کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور تمام سوگوار لواحقین کو صبر وجمیل عطا فرمائے۔

## قائد تحریک الطاف حسین کی جدوجہد کی بدولت اس معاشرے میں خواتین کو تحفظ کا احساس ہوا ہے
## متحدہ قومی موومنٹ نے ہر سطح پر خواتین کے حقوق کے لئے آواز بلند کی
## متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد شعبہ خواتین کی جوائنٹ انچارج شمیم محسن سیکٹر A میں خواتین کے اجلاس سے خطاب

حیدرآباد۔۔۔18فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ نے ہر سطح پر خواتین کے حقوق کے لئے آواز بلند کی ان خیالات اظہار متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد شعبہ خواتین کی جوائنٹ انچارج شمیم محسن نے سیکٹر A میں خواتین کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں شعبہ خواتین حیدرآباد کی اراکین سیکٹر A شعبہ خواتین کی ذمہ داران اور خواتین کارکنان کی کثیر تعداد موجود تھی انہوں نے کہا قائد تحریک الطاف حسین نے اس معاشرے میں خواتین کو اعلی مقام عطا کیا جس کی بدولت خواتین آج کے معاشرے میں اپنا سر فخر سے بلند کرکے اپنی زندگی بسر کررہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی جدوجہد کی بدولت اس معاشرے میں خواتین کو تحفظ کا احساس ہوا ہے اور تحریکی حوالے سے بھی ایم کیوایم نے عوامی منصب یا تنظیمی ذمہ داری میں مرد اور عورت میں کوئی فرق نہیں رکھا بلکہ تحریکی شعبہ جات میں ہر جگہ خواتین کو اعتماد اور حوصلے میں وہ پختگی عطا کی کہ آج وہ نہ صرف معاشرے کے غلط رویوں فرسودہ نظام کی رسم ورواج کو یکسر ماننے سے انکاری ہیں بلکہ اپنا جائز حق مانگنے کی ہمت بھی رکھتی ہیں آج وہ اپنے حقوق کے حصول کیلئے قائد تحریک الطاف حسین کے شانہ بشانہ تحریک میں کام کررہی ہیں۔اجلاس سے دیگر ذمہ داران نے بھی خطاب کیا۔

## خواتین کے جلسہء عام میں شرکت کے لئے ٹنڈوالہ یار میں شعبہ خواتین اور ذیلی یونٹس کی سرگرمیاں نقطہء عروج پر پہنچ گئیں

## فروری کے دن مرد حضرات نے گھر سنبھالنے اور خواتین نے تاریخ ساز جلسہء عام میں شرکت کے لئے تیاریوں کو حتمی شکل دینی شروع کردیں

ٹنڈوالہ یار:18فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام کراچی میں خواتین کے جلسہ ء عام میں شرکت کے لئے ٹنڈوالہ یار میں شعبہ خواتین اور ذیلی یونٹس کی سرگرمیاں نقطہ ء عروج پر پہنچ گئیں ۔ 19فروری کے دن مرد حضرات نے گھر سنبھالنے اور خواتین نے تاریخ ساز جلسہ ء عام میں شرکت کے لئے تیاریوں کو حتمی شکل دینی شروع کردیں۔تفصیلات کے مطابق ایم کیوایم کی جانب سے 19فروری کے دن باغ جناح کراچی میں منعقد کیا جانے والا خواتین کا جلسہ عام "بااختیار عورت ۔۔۔۔مضبوط پاکستان" ایم کیوایم کے مقامی تنظیمی نیٹ ورک کی مربوط تشہیری ورابطہ مہم کے باعث ہر گھر کا موضوع گفتگو بن چکا ہے۔جبکہ خواتین نے جلسے میں شرکت کے لئے ایم کیوایم کے پرچم کے رنگوں سے ملتے جلتے لباس، جیولری اور دیگر زیبائشی اشیاء ترتیب دینی شروع کردی ہیں۔شعبہ خواتین کی جانب سے شہر کے مختلف علاقوں میں میٹنگز کے ذریعے خواتین کو جلسہء عام میں شرکت کی دعوت اور اسکی افادیت اجاگر کئے جانے کا سلسلہ بھی گزشتہ کئی روز سے جاری ہے۔دوسری جانب ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی ہدایت کے مطابق مرد کارکنان نے 19فروری کے دن گھر سنبھالنے اور خواتین کارکنان نے جلسہ ء عام میں بھرپور طریقے سے شرکت کرنے کی تیاریاں مکمل کرلی ہیں۔گزشتہ دنوں قلعہ چوک کے مقام پر ٹنڈوالہ یار کی تاریخ میں خواتین کے سب سے بڑے جلسہ ء عام کے کامیاب انعقاد نے خواتین کارکنان میں نیا جوش وجذبہ موجزن کردیا ہے۔ایم کیوایم کے مقامی تنظیمی ذرائع کے مطابق 19فروری کے صبح ہزاروں خواتین کارکنان پر مشتمل پچاس سے زائد بسوں، کوسٹروں اور کاروں کا قافلہ کراچی کے لئے روانہ ہوگا۔شہر کے صحافتی وسماجی حلقوں کے مطابق توقع کی جارہی ہے کہ 19فروری کے دن ٹنڈوالہ یار سے ایم کیوایم کی خواتین کارکنان بڑی تعداد جلسہ ء عام میں شرکت کرکے بین الاقوامی سطح پر خواتین کے سب سے بڑے اجتماع کے ریکارڈ کا حصہ بنیں گی۔

## فیصل آباد کے علاقے غلام محمد آباد میں خواتین پر تیزاب پھینکنے والے درندہ صفت افراد کو فی الفور گرفتار کیا جائے ،رابطہ کمیٹی

## پنجاب میں خواتین پر تیزاب پھینکنے اور پُرتشدد واقعات کی مکمل روک تھام کیلئے عملی کوششیں کی جائیں۔

کراچی۔۔۔۔18فروری2012

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے فیصل آباد کے علاقے غلام محمد آباد میں نامعلوم افراد کی جانب سے چار خواتین پر تیزاب پھینکنے کے واقعہ پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے متاثرہ خواتین اور انکے اہل خانہ کے ساتھ افسوس اور دلی ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ بنت حوا پر تیزاب پھینکنے جیسے غیر انسانی وغیر اخلاقی اقدامات انسانیت سے دشمنی کے مترادف ہیں۔انہوں نے کہا کہ پنجاب میں خواتین پر تیزاب پھینکنا اور انہیں جنسی تشدد کا نشانہ بنانا روز کا معمول بن چکا ہے اس کے برعکس پنجاب حکومت نے خواتین پر ہونے والی زیادتیوں کے خلاف کسی بھی قسم کے کوئی عملی اقدامات نہیں کیے۔انھوں نے گورنر پنجاب لطیف کھوسہ، وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے پُر زور مطالبہ کیا کہ خواتین پر تیزاب پھینکنے والے درندہ صفت افراد کو فی الفور گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے اور ایسے پُرتشدد واقعات کی مکمل روک تھام کیلئے عملی کوششیں کی جائیں۔

## آرٹس کونسل کراچی کے نومنتخب عہدیداران کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس اور وسیم آفتاب سے ملاقات

کراچی۔۔۔18،فروری2012ء

آرٹس کونسل کراچی کے نومنتخب صدر احمد شاہ کی سربراہی میں محترمہ فاطمہ ثریا بجیا سمیت دیگر عہدیداران کے ہمراہ گزشتہ روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس اور وسیم آفتاب سے خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیزآباد میں ملاقات کی۔وفد نے آرٹس کونسل کے مسائل سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ کیا۔اس موقع پر کنور خالد یونس اور وسیم آفتاب نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے صدر احمد شاہ سمیت تمام نومنتخب عہدیداران کو دلی مبارکباد پیش کی۔

## قمبر شہدادکوٹ کے کارکن عقل محمد کے بھتیجے کے انتقال پر انچارج وارا کین ذونل کمیٹی

## کی لواحقین سے دلی تعزیت اور مرحوم کیلئے دعائے مغفرت

قمبر شہدادکوٹ:۔۔۔۔18 فروری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے سابق ذونل ممبر عقل محمد کے بھتیجے منظور حسین چانڈیو انتقال کرگئے۔مرحوم کی نماز جنازہ میں قمبر شہدادکوٹ کے زونل انچارج آصف سومرو، جوائنٹ انچارج سید ممتاز شاہ، ارکان زونل ویونٹ کمیٹی اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کرتے ہوئے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت کیلئے دعا کی۔

## قائد تحریک جناب الطاف کا نظریہ حق اور سچ پر مبنی ہونے کے سبب ملک بھر میں تیزی سے پھیل رہا ہے
## بدین میں رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں منعقدہ کیمپس میں موجود عوام سے انچارج واراکین زونل کمیٹی کی گفتگو

بدین:۔۔۔۔۔18فروری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں بدین زون میں ہفتہ کے روز مختلف سیکٹرز و یونٹس کے زیر اہتمام کیمپس لگائے گئے جہاں دن بھر رکنیت سازی مہم کا سلسلہ زور و شور سے جاری رہا، یونٹ نندو شہر اور یوسی عبداللہ شاہ میں سینکڑوں خواتین و حضرات نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفے سے متاثر ہوکر رکنیت سازی فارم پر کر کے ایم کیوایم میں شامل ہونے کا اعلان کیا۔اس موقع پر زونل انچارج عقیل الدین نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی حق پرست تحریک کو مٹانے کیلئے ظالم و جابر قوتوں نے کئی مکروہ کوششیں کیں مگر وہ ناکام رہے اور قائد تحریک جناب الطاف کا نظریہ سچ اور حق پر مبنی ہونے کے سبب ملک کے ہر چھوٹے بڑے شہروں کے ساتھ گاؤں اور دیہاتوں میں تیزی سے پھیل رہا ہے،اس موقع پر رکنیت اختیار کرنے والوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے رکنیت اختیار کرنے والوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کا پلیٹ فارم ہی غریبوں اور مظلوموں کیلئے راہ نجات کا ذریعہ بنے گا۔اس موقع پر اراکین زونل کمیٹی اور یونٹس کے ذمہ داران و کارکنان رکنیت سازی کیمپس میں عوام کو رکنیت سازی فارم پر کرنے میں مدد فراہم کرنے میں مصروف رہے۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی:۔۔۔۔18فروری،2012ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے سانگھڑ زون کھپرو سیکٹر یونٹ ہتھنگو کے کارکن محمد اقبال کی والدہ محترمہ بھاوری، خیر پور زون یونٹ وڈا ماچھیوں کے یونٹ انچارج محمد رمضان ملک کے والد اسلام الدین ملک اور سکھر زون یونٹ 8A کے کارکن محمد سہیل صدیقی کے والد حاجی خلیل احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔علاوہ ازیں رابطہ کمیٹی نے بدین زون ماتلی سیکٹر یونٹ ٹنڈو غلام علی کے کارکن مہاراج اشوک رام کے انتقال پر بھی گہرے دکھ و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔

☆☆☆☆☆